© rasailojaraid.com



# شئونِ علمیہ

## بولنے والا آلہ

عہد حاضر میں فلسفہ و سائنس نے جو حیرت انگیز ترقی کی ہے اُس کا ہی ایک کرشمہ یہ ہے کہ انسان ایک ایسے آلہ کی ایجاد میں کامیاب ہو گیا ہے جو خود اُس کی طرح بول سکتا ہے۔

یہ آلہ پیانو اور ٹیلیفون کے سامانوں سے بنایا گیا ہے۔ اور اس سے وہ تمام حروف تہجی نکلتے ہیں جن سے انسان اپنا کلام ترتیب دیتا ہے۔ یہ حروف اپنی آواز اور مصدر کے اعتبار سے دو قسم کے ہیں ایک وہ جو حلق سے نکل کر زبان اور ہونٹوں پر گذرتے ہوئے چلے جاتے ہیں اور اُن سے ہلکی سیٹی کی سی آواز پیدا ہوتی ہے، مثلاً ت، س، ف وغیرہ۔ دوسرے قسم کے وہ حروف ہیں جو اُن حروفِ ساکنہ پر مشتمل ہیں جو زبان دانتوں اور ہونٹوں کی حرکت سے اور اُن کے باہمی اتصال و انفصال اور تقارب و تباعد سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً ب، ز، ک۔ انہی کے قریب چند حروف متحرکہ ہیں مثلاً الف، و، ی۔

اس آلہ میں چند کھپچیاں اور مختلف تار لگے ہیں جن پر ایک خاص ضابطہ کے ماتحت انگلیاں چلانے سے حروف تہجی کی سی آوازیں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ حروف تعداد کے اعتبار سے بائیس ہیں۔ اس آلہ کا تجربہ ابھی حال میں امریکہ کی مجلس علمی فرانکلین میں کیا گیا تھا۔ پہلا جملہ جو اُس نے بولا وہ یہ تھا:۔ Parctice makes perfect یہ جملہ انگریزی میں تھا اور تمام الفاظ و حروف بہت صاف تھے۔ پھر اُس نے فرانسیسی زبان میں کہا "آپ کا مزاج



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیسا ہے" بلکہ کچھ ایسی آوازیں بھی نکالیں جو بکریوں، گایوں اور خنازیر کی آوازوں کے بالکل مشابہ تھیں۔ اس آلہ کو نیویارک کی نمائش میں پیش کیا جائیگا اور اس پر چند لکچر بھی ہونگے۔ اس میں شبہ نہیں کہ اس آلہ سے آوازیں پیدا کرنے کے لیے بڑی مشق و مہارت کی ضرورت ہے۔ ایک خاص نظم و ترتیب ہے جس کے ماتحت حروف اور پھر حروف سے جملے اور عبارتیں پیدا ہوتی ہیں۔

## سمندر کے پانی کی قیمت

اب تک عام طور سے یہی سمجھا جاتا رہا ہے کہ سمندر کا فائدہ یہ ہے کہ وہاں سے بڑی بڑی مچھلیاں پکڑی جاتی ہیں، غوطے لگا کر موتی نکالے جاتے ہیں اور اس سے جو بخارات اٹھتے ہیں وہ اوپر جا کر کثیف ہو جاتے ہیں اور ان سے بارشیں ہوتی ہیں، جو قحط زدہ زمینوں کو سرسبز و شاداب کر دیتی ہیں لیکن اب تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ سمندر کے پانی کے صرف یہی فائدے نہیں ہیں بلکہ درحقیقت وہ اپنے دامن میں بیشمار دولت و ثروت کے خزانے رکھتا ہے۔

امریکہ کی ایک کیمیاوی کمپنی "دو" نے اندازہ کر کے بتایا ہے کہ سمندر کے پانی کا ایک مربع میل جس کی گہرائی ایک سو چوبیس قدم ہو اُس کی قیمت کم و بیش ۲۶۵۰۰۰۰ گنیاں ہونی چاہئیں۔ اس کمپنی نے پورا ایک سال اس تحقیق میں صرف کر دیا، تب بھی اس مدت میں وہ صرف ایک میل مربع پانی کی ہی تحقیق کر سکی کمپنی نے دریافت کیا ہے کہ ایک میل مربع پانی میں حسب ذیل اشیا ہوتی ہیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) نمک | ۳۰۰۰۰۰ ٹن | (۲) مگنیشیم | ۶۸۹۰۰ ٹن |
| (۳) مگنیشیم کی گندھک | ۶۴۰۰۰ ٹن | (۴) | ۷۱۰۰ ٹن |

ان کے علاوہ جو اور چیزیں مثلاً تانبا، لوہا، المونیوم، پوٹاشیم اور چاندی وغیرہ دستیاب ہوتی



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں اُن کا اب تک صحیح اندازہ نہیں کیا گیا ہے۔

# خواتین امریکہ اور خانگی زندگی

امریکہ کی عورتیں دنیا کی تمام عورتوں سے زیادہ آزاد اور بے فکر ہیں۔ وہاں اُن کو تمام وہ حقوق ملے ہوئے ہیں جو مردوں کو حاصل ہیں اور وہ مردوں کے دوش بدوش تمام محکموں اور دفتروں میں کام کرتی ہیں، لیکن اس کے باوجود عورت کی فطرت میں قدرت نے جو خانگی زندگی کی طرف میلان ورجحان رکھدیا ہے اُس کا اندازہ نقشۂ ذیل سے ہوگا۔

| عمر | گھروں میں یا مدارس میں | کارخانوں یا دفتروں میں |
|---|---|---|
| ۱۶ سال | ۸۳ فیصدی | ۱۷ فیصدی |
| ۱۷ سال | ۷۳ فیصدی | ۲۷ فیصدی |
| ۲۱ سال | ۵۵ فیصدی | ۴۵ فیصدی |
| ۲۵ سال | ۶۵ فیصدی | ۳۵ فیصدی |

اس نقشہ سے ثابت ہوتا ہے کہ عورت کو خواہ آزادی کے کتنے ہی مواقع بہم پہنچا دیے جائیں، تاہم فطری طور پر اُس کو جو حقیقی سکون و اطمینان گھریلو زندگی میں ملتا ہے، دفتروں یا کارخانوں میں مردوں کے دوش بدوش کام کرنے سے حاصل نہیں ہوتا۔

# جدید طریقہ مردم شماری

قدیم زمانہ میں مصر کے باشندوں کی تعداد کیا تھی؟ اس بارہ میں مورخین میں بڑا اختلاف ہے۔ بعض کہتے ہیں، وہ چھ ملین تھے، کسی نے اُن کو تین ملین سے بھی زیادہ بتایا ہے۔ اس اختلاف



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی وجہ یہ ہے کہ جن طریقوں سے اہلِ مصر کا شمار کیا گیا ہے اُن سے محض ظن و تخمین کا فائدہ تو حاصل ہو سکتا ہے۔ اذعان و یقین کا نہیں۔

بعض مورخین نے اپنے شمار کی بنیاد لشکر کی تعداد پر رکھی ہے، اور اس سے تمام آبادی کا اندازہ لگانا چاہا ہے حالانکہ ظاہر ہے یہ معیار درست نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بسا اوقات فوج عظیم الشان اور آبادی مختصر ہوتی ہے جیسا کہ محمد علی پاشا کے عہد میں تھا، اور بسا اوقات اس کے برعکس ہوتا ہے یعنی آبادی زیادہ اور فوجی لشکر کم۔ ان کے بالمقابل دوسرے مورخین ہیں جنہوں نے ٹیکسوں اور محصولات کی آمدنی سے آبادی کا شمار کرنا چاہا ہے۔ لیکن ظاہر ہے کہ یہ معیار بھی ہم کو کسی قطعی نتیجہ تک نہیں پہنچاتا، کیونکہ ٹیکسوں کا دار و مدار لوگوں کی اقتصادی حالت اور حکومت و ملک کی ضرورتوں پر ہے۔ اس بنا پر ٹیکسوں کی رقم سے یہ اندازہ صحیح نہیں ہو سکتا کہ اس ملک میں کتنے باشندے ہیں

یہ اختلاف صرف مصر کی قدیم آبادی سے متعلق ہی نہیں ہے بلکہ روم کی قدیم آبادی کے بارہ میں بھی بڑا اختلاف ہے، ایک گروہ کا خیال ہے کہ یہاں کے باشندوں کی تعداد نصف ملین سے زیادہ نہیں تھی۔ لیکن ایک دوسرے طبقہ کی رائے ہے کہ یہاں چودہ ملین آباد تھے۔ اس عظیم الشان اختلاف آرا، کو دیکھ کر امریکہ کی ایک یونیورسٹی کے پروفیسر نے مردم شماری کا ایک اور نیا طریقہ نکالا ہے۔ یعنی یہ کہ اُس نے مردم شماری کا اندازہ غلہ کی اُس مقدار سے کرنا چاہا ہے جو وہاں خرچ ہوتا تھا۔

مورخین کا اس پر اتفاق ہے کہ مصر سے روم کے لیے ہر سال بیس ملین "مودی[1]" جاتے تھے۔ اب اس پر پروفیسر موصوف نے قیاس کیا ہے ایک متوسط الحال شخص ایک ماہ میں چار "مودی" ختم کر سکتا ہے۔ اس بناء پر حساب کے مطابق نتیجہ یہ نکلا کہ روم کے باشندوں کی تعداد

[1] مصر کا ایک پیمانہ جسمیں ۹۰ /اصاع غلہ آتا ہے، ایک صاع تقریباً ساڑھے تین سیر کا ہوتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۲۵۰۰۰ شخص تھی یعنی روم کی موجودہ آبادی سے چند ہزار کم، کیونکہ آج کل روم کی آبادی ۱۴۹۰۰۰۰ اشخاص ہے۔ پس اس طرح اگر مصر کی قدیم آبادی کے متعلق یہ معلوم ہوجائے کہ وہاں کس قدر غلہ اور اناج خرچ ہوتا تھا تو اُس سے اہل مصر کی بھی کم وبیش صحیح تعداد معلوم ہوسکتی ہے۔ "س"

# سیرۃ رسول کریم صلعم

از مولانا ابوالقاسم محمد حفظ الرحمٰن صاحب

سیرۃ نبوی پر اپنے طرز میں یہ پہلی کتاب ہے جو مسلمان بچوں اور عورتوں کے مطالعہ کے لیے تالیف کی گئی ہے۔ نہایت سہل اور سلیس وصاف اُردو میں تمام حالات کو تفصیل سے درج کیا گیا ہے۔ اس کتاب میں چند خصوصیتیں ایسی ہیں جنھوں نے اسے تمام سیرت کی کتابوں سے زیادہ مفید بنا دیا ہے۔

(۱) ہر عنوان سیرت کے ماتحت قرآنی آیت اسی عنوان کی مناسبت سے لائی گئی ہے جس سے سیرت اور قرآن مجید کی ہم آہنگی ثابت ہوتی ہے گویا ایک لحاظ سے حضور کی سیرت کو قرآنِ کریم سے مرتب کیا گیا ہے۔

(۲) ہر عنوان کے آخر میں اس کا خلاصہ دیا گیا ہے جس سے واقعات کی ترتیب قائم رکھنے میں سہولت ہوگئی ہے

(۳) خلاصہ کے بعد سوالات دیے گئے ہیں جن سے بغیر اُستاد کی مدد کے اپنی یادداشت کا امتحان ہوسکتا ہے

(۴) تمام واقعات عربی کی نہایت معتبر کتابوں سے لیے گئے ہیں۔

(۵) جو اعتراض عیسائیوں کی طرف سے رسول پاک کی سیرت پر کیے جاتے ہیں اُن کے جوابات دلپذیر پیرایہ میں دیے گئے ہیں۔ اختصار کے باوجود کتاب تمام ضروری واقعات پر مشتمل ہے۔

کاغذ سفید لکھائی چھپائی عمدہ، سائز $\frac{22\times29}{16}$ ۳۷۰ صفحات قیمت ایک روپیہ

منیجر مکتبہ برہان قرولباغ۔ نئی دہلی



© rasailojaraid.com